اپنے موبائل آلات کو محفوظ بنانا

جائزہ

آپ کے موبائل آلات دوستوں سے مواصلات، خریداری یا آن لائن بینکنگ، فلم دیکھنے، گیمز کھیلنے اور کافی ساری دوسری سرگرمیاں سرانجام دینے کا ایک آسان اور زبردست ذریعہ فراہم کرتے ہیں- آپ کے آلات چونکہ آپ کی زندگی کا بہت اہم حصّہ بن گئے ہیں، آپ مندرجہ ذیل آسان اقدامات کے ذریعے اپنے آلات کی حفاظت کر سکتے ہیں اور انہیں محفوظ بنا سکتے ہیں-

اپنے آلات کو محفوظ بنانا

آپ کے لیئے یہ بات شاید حیران کن ہو کہ آپ کے موبائل آلات کو سب سے بڑا خطرہ ہیکرز سے نہیں بلکہ آپ سے ہے- آپ کا اپنے موبائل آلہ کو کہیں بھولنے یا اس کے گم ہونے کا امکان اس کے ہیک ہونے سے کہیں زیادہ ہے- سب سے پہلی چیز اپنے آلہ کو محفوظ رکھنے کے لیئے جو آپ کر سکتے ہیں وہ اسکرین پر خودکار لاکنگ کو فعّال کرنا ہے، جو کہ اسکرین لاک بھی کہلاتا ہے- اس کا مطلب ہے کہ ہر دفعہ اپنے موبائل آلہ کو استعمال کرنے سے پہلے آپ کو اسے کسی مضبوط پاس کوڈ یا فنگر پرنٹ کے ذریعے اَن لاک کرنا پڑے گا- یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ اگر آپ کا آلہ گم ہو جاتا ہے یا چوری ہو جاتا ہے تو کوئی اور اس میں موجود معلومات تک رسائی حاصل نہیں کر سکتا ہے- اس کے علاوہ آپ مُندرجہ ذیل مزید اقدامات کے ذریعے اپنے آلات کو محفوظ بنا سکتے ہیں:

اپڈیٹ

آپ اپنے آلات میں خودکار اپڈیٹ کو فعّال کر دیں تاکہ ان میں ہمیشہ تازہ ترین آپریٹنگ سسٹم اور ایپلیکیشنز کا ورژن چل رہا ہو- حملہ آور ہمیشہ سافٹ ویئر میں کمزوریوں کی تلاش میں ہوتے ہیں اور وینڈرز مسلسل انہیں صحیح کرنے کے لیئے نئی اپڈیٹس اور پیچز جاری کر رہے ہوتے ہیں- تازہ ترین موبائل ایپلیکیشنز اور آپریٹنگ سسٹم چلانے سے آپ کسی کے لیئے بھی اپنے آلات کو ہیک کرنا بہت مشکل بنا دیتے ہیں-

ٹریکنگ

آپ اپنے موبائل آلہ میں کوئی ایسا سافٹ ویئر انسٹال کر دیں یا فعّال کریں جس کے ذریعے آپ اس کی دور بیٹھ کر انٹرنیٹ کے ذریعے نگرانی کر سکیں- اس طرح اگر آپ کا آلہ گم یا چوری ہو جاتا ہے تو آپ اس سے انٹرنیٹ کے ذریعے منسلک ہو کر اس کے مقام کا تعیّن کر سکتے ہیں یا بدترین صورتحال میں آپ دور بیٹھ کر اپنی تمام معلومات اس آلہ سے حذف کر سکتے ہیں-

قابل اعتماد ایپلیکیشنز

آپ صرف ان ایپلیکیشنز کو ڈاؤن لوڈ کریں جن کی آپ کو ضرورت ہے اور صرف قابل بھروسہ ذرائع سے انہیں ڈاؤن لوڈ کریں- iPads یا iPhones کے لیئے آپ ایپل کے ایپ اسٹور سے ایپلیکیشنز ڈاؤن لوڈ کریں- اینڈرائڈ ایپلیکیشنز کو آپ گوگل پلے سے ڈاؤنلوڈ کریں اور ایمیزون ٹیبلیٹس اسٹک کے لیئے ایمیزون ایپ اسٹور کا استعمال کریں- آپ دوسری ویب سائٹس سے بھی ایپلیکیشنز ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں لیکن چونکہ ان ویب سائٹس کی جانچ پڑتال نہیں ہوئی ہوتی ہے اس لیئے اس بات کا قوی امکان ہے کہ یہ متاثرہ ہوں- اس کے علاوہ آپ کسی بھی ایپلیکیشن کو ڈاؤن لوڈ کرنے سے پہلے اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ اس ایپلیکیشن کے بہت سارے مثبت جائزے موجود

ہیں اور وینڈر اسے باقاعدگی سے اپڈیٹ کرتا رہتا ہے- آپ ایسی ایپلیکیشنز جو کہ بالکل نئی ہوں یا جن کے جائزے بہت کم موجود ہوں یا جنہیں وینڈر شاید ہی کبھی اپڈیٹ کرتے ہوں، سے دور رہیں- اس بات سے قطع نظر کہ آپ نے ایپلیکیشن کہاں سے ڈاؤن لوڈ کی ہے، اگر آپ کو اس کی مزید ضرورت نہیں ہے یا آپ اسے فعّال طور پر استعمال نہیں کر رہے ہیں تو ہمارا مشورہ ہے کہ آپ اس ایپلیکیشن کو اس آلہ سے حذف (ڈیلیٹ) کر دیں-

پرائیویسی اختیارات

نئی ایپلیکیشن انسٹال کرتے وقت آپ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ نے ان کے پرائیویسی اختیارات کا جائزہ لے لیا ہے- مثال کے طور پر آپ کی ڈاؤن لوڈ کی گئی ایپلیکیشن کو کیا آپ کے دوستوں اور باقی تمام روابط کی معلومات تک رسائی کی ضرورت ہے بھی یا نہیں؟ ہمارا یہ بھی مشورہ ہے کہ آپ اپنے مقام کی ٹریکنگ کو مکمّل طور پر غیر فعّال کر دیں اور پھر صرف ان ایپلیکیشنز کے لیئے فعّال کریں جن کو آپ کے خیال میں اس کی ضرورت ہے- اگر آپ کسی ایپلیکیشن میں مطلوب اجازت سے غیر آرامدہ محسوس کر رہے ہیں تو آپ کوئی ایسی دوسری ایپلیکیشن تلاش کریں جو آپ کی ضروریات کے عین مطابق ہو- اس کے علاوہ آپ ہر تھوڑے عرصے بعد ایپلیکیشن کو مطلوب اجازت کی جانچ کرتے رہیں یہ دیکھنے کے لیئے کہ کہیں وہ تبدیل تو نہیں ہو گئی ہیں-

بیک اپس

آپ اپنی معلومات کا ہمیشہ بیک اپ لیتے رہیں- موبائل آلات میں زیادہ تر آپ کی معلومات اکثر خود کار طور پر بیک اپ ہوتی رہتی ہیں، جیسے کہ آپ کی تصاویر یا پیغامات (میسیجز)- تاہم بیک اپس آپ کی کنفیگریشنز اور ایپلیکیشن اور آلہ کی دوسری معلومات بھی ذخیرہ کرتے ہیں جس کی وجہ سے آلہ گم ہونے یا کسی نئے آلہ میں منتقل ہونے کی صورت میں آپ کے لیئے معلومات کو بحال (ریکؤر) کرنا بہت آسان ہو جاتا ہے-

دفتر

دفتر میں آپ زیادہ محتاط رہیں اور کبھی بھی کسی حسّاس معلومات کی تصویر یا ویڈیو نہ بنائیں جیسے کہ کسی وائٹ بورڈ یا کمپیوٹر اسکرین کی تصویر-

آپ کے موبائل آلات ایک ایسا طاقتور آلہ ہیں جسے ہم چاہتے ہیں کہ آپ استعمال کریں اور لطف اندوز ہوں- آپ اوپر بیان کئے گئے آسان اقدامات کو اپنا کر اپنے آپ اور اپنے آلات کو لمبے عرصے تک محفوظ رکھ سکتے ہیں-

اردو ایڈیشن

Rewterz پاکستان کی معروف انفارمیشن سکیورٹی کمپنی ہے جو پچھلے سات سالوں سے آئی ٹی سکیورٹی کے شعبے میں خدمات سرانجام دے رہی ہے - کمپنی کے بارے میں مزید معلومات کے لئے http://www.rewterz.com کا دورہ کریں یاہمارے فیس بک پیج https://www.facebook.com/Rewterz کو ‘لائک’ کریں یا ٹوئیٹر @Rewterz پر فالو کریں۔

وسائل:

پاس فریزز:	https://www.sans.org/u/A3E
بیک اپ/ بحالی (ریکؤری):	https://www.sans.org/u/A3z
اپنے موبائل آلہ کو تلف کرنا:	https://www.sans.org/u/A3u
موبائل ایپلیکیشنز کا محفوظ طریقے سے استعمال:	https://www.sans.org/u/A3p
SANS کی آج کی سیکورٹی تجویز:	https://www.sans.org/tip_of_the_day.php

لائسنس

OUCH! کی ا شاعتSANS Secure The Human Programکے ذریعے ہوتی ہے اور اسے Creative Commons BY-NC-ND 4.0 License کے تحت تقسیم کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔ آپ اس نیوز لیٹر کو تقسیم سکتے ہیں اگر آپ اس کا حوالہ دیں ، اس میں کوئی تبدیلی نہ کریں اور نہ ہی اسے تجارتی مقاصد کے لئے استعمال کریں ۔ ترجمے اور مزید معلومات کے لئے www.sans.org/security-awareness/ouch-newsletterپر رابطہ کریں. ایڈیٹوریل بورڈ: Walt Scrivens, Phil Hoffman, Cathy Click, Cheryl Conley۔ | ترجمہ: شعیب ہاشمی